# 18 ایسے بھی ہوتے ہیں گھر!

4312CH18

میرا نام نسیم ہے۔ میں سری نگر میں رہتا ہوں۔ کل سے ہمارے اسکول میں خوب چہل پہل ہے۔ یہ پورے سات دنوں تک رہے گی۔ جانتے ہو کیوں؟ ہمارے اسکول میں کیمپ جو لگا ہے۔ کیمپ میں کئی جگہوں سے بچے آئے ہیں۔ میدان میں خیمے لگا کر سب کے رہنے کا انتظام کیا گیا ہے۔



ہم نے اسکول کو خوب سجایا ہے۔ کچھ بچوں نے کپڑوں کی کترنوں سے جھالر بنا کر انھیں دروازوں پر لگایا ہے۔ کچھ نے بادام کے چھلکوں سے پوسٹر بنائے ہیں۔ کچھ نے سوکھے پتّوں سے اور لکڑی کے برادے سے رنگولیاں بنائی ہیں۔

مکانوں کی مختلف اقسام دکھانے کے لیے کچھ جگہیں جیسے سری نگر، آسام، راجستھان، دہلی اور پہاڑی علاقوں کی مثالیں دی گئی ہیں۔ ان جگہوں کی آب وہوا اور موسم سے اگر بچے واقف ہوں گے تو ان مکانوں کی تعمیر اور ساخت کو سمجھ پائیں گے۔



© NCERT not to be republished

آج کیمپ کا پہلا دن ہے۔ ہم سب بہت خوش ہیں۔ صبح سب بچے جمع ہوئے اور زمین پر ایک دائرہ بنا کر بیٹھ گئے۔ ہر ایک نے اپنا اپنا تعارف کرایا۔ سب نے اپنے بارے میں بتایا کہ وہ کہاں رہتے ہیں اور کیا کھانا پسند کرتے ہیں۔ بچے اپنے ساتھ اپنے گھر اور خاندان کے افراد کی تصویریں بھی لائے ہیں۔ باری باری سے سب بچوں نے اپنے گھروں کے بارے میں بھی بتایا۔ سب سے پہلے بھوپین کے گروپ کی باری آئی۔

بھوپین نے اپنا نام بتایا اور کہا:






* بھوپین کے علاقے میں گھر بانس کے ستونوں پر کیوں بناتے ہیں؟

---

---

© NCERT not to be republished

* ان مکانوں کی چھتیں کیسی ہوتی ہیں؟ انہیں ایسا کیوں بنایا جاتا ہے؟

---

---

* ان مکانوں میں اندر جانے کا کیا طریقہ ہے؟

---

---

* رات کے وقت ان مکانوں کی سیڑھی ہٹا دیتے ہیں۔ کیوں؟

---

---

اب چمیلی کی باری تھی۔ اس نے کہا:





میں منالی سے آئی ہوں۔ یہ ایک پہاڑی علاقہ ہے۔ ہمارے یہاں بھی بارش بہت ہوتی ہے اور برف بھی بہت پڑتی ہے۔ جب سردی زیادہ ہو جاتی ہے تب دھوپ میں بیٹھنا بہت اچھا لگتا ہے۔ ہمارے مکان پتھر یا لکڑی سے بنتے ہیں۔

© NCERT not to be republished

* چمیلی کا گھر کس علاقے میں ہے؟

* چمیلی اور بھوپین کے مکانوں کی چھتوں میں کیا یکسانیت ہے؟

* ایسی چھتیں ان علاقوں میں کیسے مدد کرتی ہیں؟

### متالی اور اُنج نے بتایا:

متالی اور انج دہلی سے آئے ہیں۔ انھوں نے سب کو دہلی کی تصویریں دکھائیں۔ ایک تصویر میں اونچی اونچی عمارتیں دیکھ کر بھوپین بولا — ارے! اتنے اونچے مکان۔ ان میں اوپر تک کیسے چڑھتے ہیں؟



ان مکانوں کو دیکھو اور معلوم کرو کہ کیا تمھارے یہاں بھی ایسے مکان ہوتے ہیں؟




© NCERT not to be republished

## کثیر منزلہ مکانوں میں لوگ اوپر کیسے چڑھتے ہیں؟

دہلی ہندوستان کی راجدھانی (دارالحکومت) ہے۔ دہلی اور اس جیسے بڑے شہروں میں گاؤں اور قصبوں سے لوگ کام کی تلاش میں آتے ہیں۔ یہ لوگ اکثر شہر میں ہی رہ جاتے ہیں۔ یہاں رہنے والے لوگ زیادہ ہیں اور جگہ کم ہے۔ بہت لوگوں کے پاس مکان ہوتے ہی نہیں۔ انہیں جھگی جھونپڑوں میں رہنا پڑتا ہے—اور کئی لوگوں کے پاس وہ بھی نہیں ہوتے۔ ایسے لوگ جہاں جگہ ملے وہیں سو جاتے ہیں— سڑک پر، فٹ پاتھ پر، اسٹیشن پر... واقعی بڑے شہروں میں گھر کا بہت بڑا مسئلہ ہے۔

**کانشی رام نے بتایا:**





بچوں سے بے گھر لوگوں کے مسائل کے بارے میں بات چیت کرتے وقت بہت زیادہ حساسیت کا مظاہرہ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔



© NCERT not to be republished

اسی طرح سبھی گروپ نے اپنے اپنے گھروں کے بارے میں بتایا۔ تعارف کے بعد ایک رنگا رنگ پروگرام ہوا۔ بچوں نے طرح طرح کے رقص پیش کیے۔ اپنی اپنی زبان میں لوک گیت سنائے۔ سب نے الائچی اور بادام ڈال کر قہوہ پیا۔ بہت مزہ آیا۔

شام کو ہم سب ڈل جھیل کی سیر کرنے گئے۔ وہاں ہم نے 'ہاؤس بوٹ' دیکھی۔ ہم لوگ شکارے میں بیٹھے۔ کچھ بچوں نے چپّو بھی چلایا۔ چاروں طرف نیلے نیلے پہاڑ اور درمیان میں 'چار چناری'۔





* ہاؤس بوٹ دوسرے گھروں سے مختلف ہوتی ہے۔ کیسے؟

________________________________________

________________________________________

________________________________________

* کیا تم ایسے گھر میں رہنا پسند کرو گے؟ کیوں؟

________________________________________


________________________________________

________________________________________



© NCERT not to be republished

* تصویر دیکھ کر ملاؤ۔




جھونپڑی




برف کا گھر (اِگلو)



تمبو



ہاؤس بوٹ



کثیر منزلہ عمارت

© NCERT not to be republished

* تمہارا گھر کن کن چیزوں سے بنا ہوا ہے۔ ان کے نام پر '✓' کا نشان لگاؤ۔

| گھاس | مٹی | لکڑی | سیمنٹ | کینواس | لوہا |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |
| پلاسٹک | چونا | بانس | اینٹ | کانچ | پتھر |
| | | | | | |

اپنے پڑوس کے مکانوں کو دیکھو۔ وہ کن کن چیزوں سے بنائے گئے ہیں؟ ان چیزوں کی فہرست بناؤ۔

_______________ _______________ _______________ _______________

_______________ _______________ _______________ _______________

* مکان جن چیزوں سے بنائے گئے ہیں، ان کے نمونوں کو جمع کرو۔

* آؤ اینٹ بنائیں

چکنی مٹّی کو گوندھ لو۔ مٹّی کو خالی ماچس میں دبا کر بھرو۔ جب سوکھ جائے تو اسے نکالو۔ تمہاری چھوٹی سی اینٹ تیار ہوگئی۔ اپنی اینٹوں کو رنگو۔ اس پر اپنا نام لکھو۔ ان سبھی اینٹوں کو ملا کر ایک رنگ برنگا گھر بناؤ۔ گھر کی چھت کو بھی سجاؤ۔

◆ مختلف قسم کے گھروں کی تصویریں جمع کرو یا ان کی تصویریں بناؤ۔ ان تصویروں سے ایک خوبصورت چارٹ بناؤ۔ اپنی کلاس میں اُسے لگاؤ۔

مکان کن چیزوں سے بنائے جاتے ہیں ـــــ بچے مقامی طور سے دستیاب چیزوں کو جمع کر کے یہ بہتر طریقے سے سمجھ سکتے ہیں۔

© NCERT not to be republished